WEDNESDAY, MARCH 20, 2024

# MANUU Social Work Club Commemorates World Social Work Day

By IND Today News Desk — Last Updated Mar 19, 2024



Hyderabad: The Department of Social Work, **Maulana Azad National Urdu University** (MANUU) today marked World Social Work Day focusing on the theme "Shared Future for Transformative Change". The event, aimed to shed light on pressing social issues and the pivotal role of social workers in addressing them, was organized by MANUU **Social Work Club** (SWC).

The keynote address was delivered by Prof. Md Shahid Raza, who emphasized the catalytic role social workers play in improving the conditions of marginalized groups. Prof. Mohd Shahid, Head, Department of Social Work, reiterated the importance of engaging with critical issues of social injustice and global inequalities.

Earlier, Mohd. Arif, Secretary, SWC briefed about the significance and historical context of World Social Work Day. Nazeer Kalim, Abdul Majid, and Hamza Mannan recited poetry and shared insights on utilizing poetry as a tool for fostering critical perspectives on issues like structural inequalities, injustice, and oppression.

Students – Fouzia and Naushaba delivered speeches on "Education for Marginalized Communities" and "Social Work Environment" respectively, emphasizing the importance of education and creating healthy environments for human survival and prosperity. A quiz competition was conducted by Afroz Afreen and Mohd Rehan. Students also showcased posters addressing various social problems, aligning with the theme of the day. These posters served as visual representations of the challenges faced by communities worldwide.

Tasmiya Mukhtiyar Ahmad proposed a vote of thanks. Students' Advisors – Dr. Abul Salim Khan and Md Israr Alam assisted in making the event successful.

Urdu Action, 20-03-2024

# اردو یونیورسٹی میں عالمی یومِ سوشیل ورک کا انعقاد



حیدرآباد، 19 ؍مارچ (پریس نوٹ) شعبہ سوشیل ورک، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام آج یوم سوشیل ورک کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس برس کا موضوع ”مشترکہ مستقبل کے لیے ارتقائی تبدیلی“ تھا۔ مانو سوشیل ورک کلب (ایس ڈبلیوسی) کے زیر اہتمام منعقدہ پروگرام کے انعقاد کا مقصد سماجی مسائل کو حل کرنے کے لیے سماجی کارکنان کی کاوشوں پر روشنی ڈالنا تھا۔ پروفیسر محمد شاہد، صدر شعبہ سوشیل ورک نے سماجی ناانصافی اور عالمی عدم مساوات جیسے اہم مسائل کو حل کرنے کی اہمیت کو واضح کیا۔ پروفیسر محمد شاہد رضا نے حاشیہ بردار گروہوں کے حالات کی بہتری کے لیے کیے جانے والے سماجی کارکنان کے اقدامات پر توجہ دلائی۔ ابتداء میں محمد عارف، سکریٹری کلب نے عالمی یومِ سوشیل ورک کی تاریخ پر روشنی ڈالی۔ نظیر کلیم، عبدالماجد اور حمزہ منان نے موضوع سے متعلق اشعار پڑھے۔ ایم ایس ڈبلیو کے طلبہ فوزیہ اور توشابہ نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر ایک کوئز مقابلہ بھی منعقد کیا گیا اور طلبہ کی جانب سے پوسٹر بھی بنائے گئے۔ آخر میں تسمیہ مختیار احمد نے شکریہ ادا کیا۔

AL HAYAT 21-03-2024

# اردو یونیورسٹی کے اولین فینانس آفیسر کی خدمات کو خراج



الحیات نیوز سروس

حیدرآباد، 20 مارچ: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بنیادگذاروں کی خدمات کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے کیا۔ وہ آج کانفرنس ہال، ایڈمنسٹریٹو بلڈنگ میں منعقدہ ایک تعزیتی اجلاس کو مخاطب کر رہے تھے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے پہلے فینانس آفیسر بی نارانا کا 17 مارچ کو دیہانت ہوگیا تھا۔ انہیں کی یاد میں آج کا یہ تعزیتی اجلاس منعقد ہوا۔ پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے آغاز میں جن افراد نے اس کی ترقی کا نقشہ دیکھا اور مضبوط بنیادوں پر اس ادارے کو استوار کرنے کی کوشش کی ان کے خلوص کا نتیجہ ہے کہ آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک بھر میں لاکھوں تشنگانِ علم کی پیاس بجھانے کا کام کر رہی ہے۔ وائس چانسلر نے آنجہانی کے لواحقین سے غم کے اس موقع پر اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ان کے متعلق جس طرح سے تعزیتی کلمات کہے جا رہے ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ایک ایماندار اور فرض شناس عہدیدار رہے۔ رجسٹرار انچارج پروفیسر صدیقی محمد محمود نے آنجہانی فینانس آفیسر بی نارانا کے لواحقین کے نام پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور ساری مانو برادری کا تحریر کردہ تعزیتی پیغام پڑھ کر سنایا۔ تعزیتی اجلاس میں اظہار خیال کرنے والوں میں ڈاکٹر سید حماد ہاشمی میڈیکل آفیسر محمد فیض الرحمن، اسسٹنٹ رجسٹرار، ڈاکٹر ایم اے قدوس، اسسٹنٹ رجسٹرار اور مسز آر سرینواس، سیکشن آفیسر بھی شامل تھے۔ اجلاس کے آخر میں سبھی شرکاء نے کھڑے ہو کر آنجہانی کی یاد میں دو منٹ کی خاموشی منائی۔

AL HAYAT 21-03-2024

# اردو یونیورسٹی کے بینر تلے کمیونٹی ریڈیو کا آغاز عنقریب

**الحیات نیوز سروس**

حیدرآباد۔20مارچ: اردو کمیونٹی کو علم کے ذریعہ بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اپنے کمیونٹی ریڈیو کا آغاز کرنے جارہی ہے۔ یہ کمیونٹی ریڈیو انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں کام کرے گا۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز کا مقصد تعلیم اور معلومات کی ترسیل کے ذریعے سماجی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کمیونٹی ریڈیو کے آغاز پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا "ہماری یونیورسٹی طویل عرصے سے تعلیم کے ذریعے سماج کی خدمات انجام دے رہی ہے۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز سے یونیورسٹی کو مزید نئے حلقوں تک رسائی حاصل کرنے میں کامیابی ملے گی۔ ان کے مطابق یونیورسٹی کی کوشش ہے کہ یونیورسٹی اور بھی زیادہ افراد تک پہنچ سکے۔ یہ اقدام سماجی ترقی اور علم کے اشتراک کے ہمارے بنیادی مشن سے ہم آہنگ ہے۔" انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر رضوان احمد نے مقامی علاقہ میں مکالمہ اور تعاون کو فروغ دینے میں کمیونٹی ریڈیو کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ "کمیونٹی ریڈیو کا آغاز معاشرے کی خدمت کے لیے یونیورسٹی کے غیر متزلزل عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ یونیورسٹی تعلیم کے ذریعہ مثبت تبدیلی کی طاقت پر یقین رکھتی ہے، اور اس ریڈیو پلیٹ فارم کے ذریعے، یونیورسٹی کا مقصد اپنے اطراف واکناف کی آبادی کو معلومات اور وسائل کے ذریعہ سے بااختیار بنانا ہے۔ مانو کا کمیونٹی ریڈیو گچی باولی، حیدرآباد میں یونیورسٹی کے کیمپس کے 10 تا 15 کلومیٹر کے دائرے میں رہنے والے مکینوں کے لیے ریڈیو پروگرام پیش کرے گی۔ اس ضمن میں مقامی افراد، انجمنوں اور تنظیموں سے درخواست ہے کہ وہ اس کمیونٹی ریڈیو پر کیسے پروگرام سننا چاہتے ہیں اور کن موضوعات کا کوریج چاہتے اس کے متعلق اپنے خیالات، توقعات اور مسائل سے آئی ایم سی کو واقف کروائیں۔

IND TODAY

THURSDAY, MARCH 21, 2024

# RADIO MANUU Prepares To Hit The Airwaves

By IND Today News Desk — Last Updated Mar 20, 2024

Hyderabad: In a significant stride towards community empowerment and knowledge dissemination, Maulana Azad National Urdu University will soon be launching a Community Radio at its Instructional Media Centre. The community radio aims for societal development through education and information dissemination.

According to Mr. Rizwan Ahamd, Director, IMC as part of the preparatory phase, residents residing within a radius of 10-15 kilometres of the University's campus in Gachibowli, Hyderabad are invited to share their ideas, expectations, issues for the Community Radio programming. Community members, Societies are encouraged to submit their ideas, specific issues, suggestions at email imc@manuu.edu.in.

Prof. Syed Ainul Hasan, Vice Chancellor expressed his enthusiasm for this new endeavour. He stated that University has long been dedicated to serving the community through education and with the Community Radio, we are expanding our efforts to reach even more individuals and communities.

Mr. Rizwan Ahamd, Director, IMC, emphasised the importance of the Community Radio in fostering dialogue and collaboration within the local area. The power of communication brings positive change and through this radio platform we aim to empower our local communities with valuable information and resources, he remarked.

Pasban, 21-03-2024

# اردو یونیورسٹی کے اولین فینانس آفیسر کی خدمات کو خراج



حیدرآباد، 20/ مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بنیاد گذاروں کی خدمات کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے کیا۔ وہ آج کانفرنس ہال، ایڈمنسٹریٹو بلڈنگ میں منعقدہ ایک تعزیتی اجلاس کو مخاطب کر رہے تھے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے پہلے فینانس آفیسر بی نارائنا کا 17/ مارچ کو دیہانت ہوگیا تھا۔ انہیں کی یاد میں آج کا یہ تعزیتی اجلاس منعقد ہوا۔ پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے آغاز میں جن افراد نے اس کی ترقی کا نقشہ دیکھا اور مضبوط بنیادوں پر اس ادارے کو استوار کرنے کی کوشش کی ان کے خلوص کا نتیجہ ہے کہ آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک بھر میں لاکھوں تشنگانِ علم کی پیاس بجھانے کا کام کر رہی ہے۔ وائس چانسلر نے آنجہانی کے لواحقین سے غم کے اس موقع پر اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ان کے متعلق جس طرح سے تعزیتی کلمات کہے جا رہے ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ایک ایماندار اور فرض شناس عہدیدار رہے۔ رجسٹرار انچارج پروفیسر صدیقی محمد محمود نے آنجہانی فینانس آفیسر بی نارائنا کے لواحقین کے نام پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور ساری مانو برادری کا تحریر کردہ تعزیتی پیغام پڑھ کر سنایا۔ تعزیتی اجلاس میں اظہار خیال کرنے والوں میں ڈاکٹر سید حماد ہاشمی، میڈیکل آفیسر، محمد فیض الرحمن، اسسٹنٹ رجسٹرار، ڈاکٹر ایم اے قدوس، اسسٹنٹ رجسٹرار اور مسٹر آر سرینواس، سیکشن آفیسر بھی شامل تھے۔ اجلاس کے آخر میں سبھی شرکاء نے کھڑے ہوکر آنجہانی کی یاد میں دو منٹ کی خاموشی منائی۔

Pasban, 21-03-2024

# اردو یونیورسٹی کے بیانر تلے کمیونٹی ریڈیو کا عنقریب آغاز

حیدرآباد، 20/مارچ (پریس نوٹ) اردو کمیونٹی کو علم کے ذریعہ بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اپنے کمیونٹی ریڈیو کا آغاز کرنے جارہی ہے۔ یہ کمیونٹی ریڈیو انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں کام کرے گا۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز کا مقصد تعلیم اور معلومات کی ترسیل کے ذریعے سماجی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کمیونٹی ریڈیو کے آغاز پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا، ''ہماری یونیورسٹی طویل عرصے سے تعلیم کے ذریعے سماج کی خدمات انجام دے رہی ہے۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز سے یونیورسٹی کو مزید نئے حلقوں تک رسائی حاصل کرنے میں کامیابی ملے گی۔ ان کے مطابق یونیورسٹی کی کوشش ہے کہ یونیورسٹی اور بھی زیادہ افراد تک پہنچ سکے۔ یہ اقدام سماجی ترقی اور علم کے اشتراک کے ہمارے بنیادی مشن سے ہم آہنگ ہے۔'' انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر رضوان احمد نے مقامی علاقہ میں مکالمہ اور تعاون کو فروغ دینے میں کمیونٹی ریڈیو کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ''کمیونٹی ریڈیو کا آغاز معاشرے کی خدمت کے لیے یونیورسٹی کے غیر متزلزل عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ یونیورسٹی تعلیم کے ذریعہ مثبت تبدیلی کی طاقت پر یقین رکھتی ہے، اور اس ریڈیو پلیٹ فارم کے ذریعے، یونیورسٹی کا مقصد اپنے اطراف و اکناف کی آبادی کو معلومات اور وسائل کے ذریعہ سے بااختیار بنانا ہے۔ مانو کا یہ کمیونٹی ریڈیو گچی باولی، حیدرآباد میں یونیورسٹی کے کیمپس کے 10 تا 15 کلومیٹر کے دائرے میں رہنے والے مکینوں کے لیے ریڈیو پروگرام پیش کرے گی۔ اس ضمن میں مقامی افراد، انجمنوں اور تنظیموں سے درخواست ہے کہ وہ اس کمیونٹی ریڈیو پر کیسے پروگرام سننا چاہتے ہیں اور کن موضوعات کا کوریج چاہتے اس کے متعلق اپنے خیالات، توقعات اور مسائل سے آئی ایم سی کو واقف کروائیں۔ اس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ریڈیو کا مواد کمیونٹی کی ضروریات اور دلچسپیوں کا عکاس ہو، اس طرح اس کمیونٹی ریڈیو کو مقامی کمیونٹی کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنایا جاسکے۔ کمیونٹی ممبران اور سوسائٹیز سے درخواست ہے کہ وہ مانو کمیونٹی ریڈیو کے پروگراموں کے متعلق اپنے مشورے اور تجاویز imc@manuu.edu.in ای میل پر ارسال کریں۔

Sada e Hussaini, 21-03-2024

# اردو یونیورسٹی کے بیانر تلے کمیونٹی ریڈیو کا عنقریب آغاز

حیدرآباد، 20/ مارچ (پریس نوٹ) اردو کمیونٹی کو علم کے ذریعہ بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اپنے کمیونٹی ریڈیو کا آغاز کرنے جارہی ہے۔ یہ کمیونٹی ریڈیو انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں کام کرے گا۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز کا مقصد تعلیم اور معلومات کی ترسیل کے ذریعے سماجی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کمیونٹی ریڈیو کے آغاز پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا، ''ہماری یونیورسٹی طویل عرصے سے تعلیم کے ذریعے سماج کی خدمات انجام دے رہی ہے۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز سے یونیورسٹی کو مزید نئے حلقوں تک رسائی حاصل کرنے میں کامیابی ملے گی۔ ان کے مطابق یونیورسٹی کی کوشش ہے کہ یونیورسٹی اور بھی زیادہ افراد تک پہنچ سکے۔ یہ اقدام سماجی ترقی اور علم کے اشتراک کے ہمارے بنیادی مشن سے ہم آہنگ ہے۔'' انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر رضوان احمد نے مقامی علاقہ میں مکالمہ اور تعاون کو فروغ دینے میں کمیونٹی ریڈیو کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ '' کمیونٹی ریڈیو کا آغاز معاشرے کی خدمت کیلئے یونیورسٹی کے غیر متزلزل عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ یونیورسٹی تعلیم کے ذریعہ مثبت تبدیلی کی طاقت پر یقین رکھتی ہے، اور اس ریڈیو پلیٹ فارم کے ذریعے، یونیورسٹی کا مقصد اپنے اطراف واکناف کی آبادی کو معلومات اور وسائل کے ذریعہ سے بااختیار بنانا ہے۔ مانو کا یہ کمیونٹی ریڈیو گچی باولی، حیدرآباد میں یونیورسٹی کے کیمپس کے 10 تا 15 کلومیٹر کے دائرے میں رہنے والے مکینوں کیلئے ریڈیو پروگرام پیش کرے گی۔ اس ضمن میں مقامی افراد، انجمنوں اور تنظیموں سے درخواست ہے کہ وہ اس کمیونٹی ریڈیو پر کیسے پروگرام سننا چاہتے ہیں اور کن موضوعات کا کوریج چاہتے اس کے متعلق اپنے خیالات، توقعات اور مسائل سے آئی ایم سی کو واقف کروائیں۔ اسکا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ریڈیو کا مواد کمیونٹی کی ضروریات اور دلچسپیوں کا عکاس ہو، اسطرح اس کمیونٹی ریڈیو کو مقامی کمیونٹی کیلئے زیادہ سے زیادہ مفید بنایا جاسکے۔

Siyasi Taqdeer, 21-03-2024

# اردو یونیورسٹی کے بیانر تلے کمیونٹی ریڈیو کا عنقریب آغاز

حیدرآباد، 20 / مارچ (پریس نوٹ) اردو کمیونٹی کو علم کے ذریعہ با اختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اپنے کمیونٹی ریڈیو کا آغاز کرنے جارہی ہے۔ یہ کمیونٹی ریڈیو انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں کام کرے گا۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز کا مقصد تعلیم اور معلومات کی ترسیل کے ذریعے سماجی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کمیونٹی ریڈیو کے آغاز پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا، "ہماری یونیورسٹی طویل عرصے سے تعلیم کے ذریعے سماج کی خدمات انجام دے رہی ہے۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز سے یونیورسٹی کو مزید نئے حلقوں تک رسائی حاصل کرنے میں کامیابی ملے گی۔ ان کے مطابق یونیورسٹی کی کوشش ہے کہ یونیورسٹی اور بھی زیادہ افراد تک پہنچ سکے۔ یہ اقدام سماجی ترقی اور علم کے اشتراک کے ہمارے بنیادی مشن سے ہم آہنگ ہے۔" انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر رضوان احمد نے مقامی علاقہ میں مکالمہ اور تعاون کو فروغ دینے میں کمیونٹی ریڈیو کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ "کمیونٹی ریڈیو کا آغاز معاشرے کی خدمت کے لیے یونیورسٹی کے غیر متزلزل عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ یونیورسٹی تعلیم کے ذریعہ مثبت تبدیلی کی طاقت پر یقین رکھتی ہے، اور اس ریڈیو پلیٹ فارم کے ذریعے، یونیورسٹی کا مقصد اپنے اطراف و اکناف کی آبادی کو معلومات اور وسائل کے ذریعہ سے با اختیار بنانا ہے۔ مانو کا یہ کمیونٹی ریڈیو گچی باولی، حیدرآباد میں یونیورسٹی کے کیمپس کے 10 تا 15 کلومیٹر کے دائرے میں رہنے والے مکینوں کے لیے ریڈیو پروگرام پیش کرے گی۔ اس ضمن میں مقامی افراد، انجمنوں اور تنظیموں سے درخواست ہے کہ وہ اس کمیونٹی ریڈیو پر کیسے پروگرام سننا چاہتے ہیں اور کن موضوعات کا کوریج چاہتے اس کے متعلق اپنے خیالات، توقعات اور مسائل سے آئی ایم سی کو واقف کروائیں۔ اس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ریڈیو کا مواد کمیونٹی کی ضروریات اور دلچسپیوں کا عکاس ہو، اس طرح اس کمیونٹی ریڈیو کو مقامی کمیونٹی کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنایا جاسکے۔ کمیونٹی ممبران اور سوسائٹیز سے درخواست ہے کہ وہ مانو کمیونٹی ریڈیو کے پروگراموں کے متعلق اپنے مشورے اور تجاویز imc@manuu.edu.in ای میل پر ارسال کریں۔

# اردو یونیورسٹی کے بیانر تلے کمیونٹی ریڈیو کا عنقریب آغاز

حیدرآباد، 20 رمارچ (پریس نوٹ) اردو کمیونٹی کو علم کے ذریعہ بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اپنے کمیونٹی ریڈیو کا آغاز کرنے جارہی ہے۔ یہ کمیونٹی ریڈیو انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں کام کرے گا۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز کا مقصد تعلیم اور معلومات کی ترسیل کے ذریعے سماجی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کمیونٹی ریڈیو کے آغاز پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا، "ہماری یونیورسٹی طویل عرصے سے تعلیم کے ذریعے سماج کی خدمات انجام دے رہی ہے۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز سے یونیورسٹی کو مزید نئے حلقوں تک رسائی حاصل کرنے میں کامیابی ملے گی۔ ان کے مطابق یونیورسٹی کی کوشش ہے کہ یونیورسٹی اور بھی زیادہ افراد تک پہنچ سکے۔ یہ اقدام سماجی ترقی اور علم کے اشتراک کے ہمارے بنیادی مشن سے ہم آہنگ ہے۔" انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر رضوان احمد نے مقامی علاقہ میں مکالمہ اور تعاون کو فروغ دینے میں کمیونٹی ریڈیو کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ "کمیونٹی ریڈیو کا آغاز معاشرے کی خدمت کے لیے یونیورسٹی کے غیر متزلزل عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔

Urdu Action, 21-03-2024

# اردو یونیورسٹی کے اولین فینانس آفیسر کی خدمات کو خراج



حیدرآباد، 20/ مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے بنیادگذاروں کی خدمات کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مانو نے کیا۔ وہ آج کانفرنس ہال، ایڈمنسٹریٹو بلڈنگ میں منعقدہ ایک تعزیتی اجلاس کو مخاطب کررہے تھے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے پہلے فینانس آفیسر بی نارانا کا 17/ مارچ کو دیہانت ہوگیا تھا۔ انہیں کی یاد میں آج کا یہ تعزیتی اجلاس منعقد ہوا۔ پروفیسر عین الحسن نے کہا کہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے آغاز میں جن افراد نے اس کی ترقی کا نقشہ دیکھا اور مضبوط بنیادوں پر اس ادارے کو استوار کرنے کی کوشش کی ان کے خلوص کا نتیجہ ہے کہ آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ملک بھر میں لاکھوں تشنگان علم کی پیاس بجھانے کا کام کررہی ہے۔

وائس چانسلر نے آنجہانی کے لواحقین سے غم کے اس موقع پر اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ان کے متعلق جس طرح سے تعزیتی کلمات کہے جارہے ہیں اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ایک ایماندار اور فرض شناس عہدیدار رہے۔ رجسٹرار انچارج پروفیسر صدیقی محمد محمود نے آنجہانی فینانس آفیسر بی نارانا کے لواحقین کے نام پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور ساری مانو برادری کا تحریر کردہ تعزیتی پیغام پڑھ کر سنایا۔ تعزیتی اجلاس میں اظہار خیال کرنے والوں میں ڈاکٹر سید حماد ہاشمی، میڈیکل آفیسر، محمد فیض الرحمن، اسسٹنٹ رجسٹرار، ڈاکٹر ایم اے قدوس، اسسٹنٹ رجسٹرار اور مسٹر آر سرینواس، سیکشن آفیسر بھی شامل تھے۔ اجلاس کے آخر میں بھی شرکاء نے کھڑے ہوکر آنجہانی کی یاد میں دو منٹ کی خاموشی منائی۔

Urdu Action, 21-03-2024

# اردو یونیورسٹی کے بیانر تلے کمیونٹی ریڈیو کا عنقریب آغاز

حیدرآباد، 20/ مارچ (پریس نوٹ) اردو کمیونٹی کو علم کے ذریعہ بااختیار بنانے کی سمت ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اپنے کمیونٹی ریڈیو کا آغاز کرنے جارہی ہے۔ یہ کمیونٹی ریڈیو انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کی نگرانی میں کام کرے گا۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز کا مقصد تعلیم اور معلومات کی ترسیل کے ذریعے سماجی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر سید عین الحسن نے کمیونٹی ریڈیو کے آغاز پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا، ''ہماری یونیورسٹی طویل عرصے سے تعلیم کے ذریعے سماج کی خدمات انجام دے رہی ہے۔ کمیونٹی ریڈیو کے آغاز سے یونیورسٹی کو مزید نئے حلقوں تک رسائی حاصل کرنے میں کامیابی ملے گی۔ ان کے مطابق یونیورسٹی کی کوشش ہے کہ یونیورسٹی اور بھی زیادہ افراد تک پہنچ سکے۔ یہ اقدام سماجی ترقی اور علم کے اشتراک کے ہمارے بنیادی مشن سے ہم آہنگ ہے۔''

انسٹرکشنل میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر رضوان احمد نے مقامی علاقہ میں مکالمہ اور تعاون کو فروغ دینے میں کمیونٹی ریڈیو کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ''کمیونٹی ریڈیو کا آغاز معاشرے کی خدمت کے لیے یونیورسٹی کے غیر متزلزل عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ یونیورسٹی تعلیم کے ذریعہ مثبت تبدیلی کی طاقت پر یقین رکھتی ہے، اور اس ریڈیو پلیٹ فارم کے ذریعے، یونیورسٹی کا مقصد اپنے اطراف و اکناف کی آبادی کو معلومات اور وسائل کے ذریعے سے بااختیار بنانا ہے۔ مانو کا یہ کمیونٹی ریڈیو گچی باولی، حیدرآباد میں یونیورسٹی کے کیمپس کے 10 تا 15 کلومیٹر کے دائرے میں رہنے والے مکینوں کے لیے ریڈیو پروگرام پیش کرے گی۔ اس ضمن میں مقامی افراد، انجمنوں اور تنظیموں سے درخواست ہے کہ وہ اس کمیونٹی ریڈیو پر کیسے پروگرام سننا چاہتے ہیں اور کن موضوعات کا کوریج چاہتے اس کے متعلق اپنے خیالات، توقعات اور مسائل سے آئی ایم سی کو واقف کروائیں۔ اس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ریڈیو کا مواد کمیونٹی کی ضروریات اور دلچسپیوں کا عکاس ہو، اس طرح اس کمیونٹی ریڈیو کو مقامی کمیونٹی کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنایا جاسکے۔ کمیونٹی ممبران اور سوسائٹیز سے درخواست ہے کہ وہ مانو کمیونٹی ریڈیو کے پروگراموں کے متعلق اپنے مشورے اور تجاویز imc@manuu.edu.in ای میل پر ارسال کریں۔

